AQF / Fazil

25-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

--------------------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی کے'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقعے پر آج شام قوم سے خطاب کریں گی۔

3- یوروپی کمیشن کی صدر Ursula fon der Leyen بھارت کے سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ وہ کل یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔

4- الیکشن کمیشن آج ووٹرس کا سولہواں قومی دن منائے گا۔

5- اترپردیش سرکار نے ہر ضلعے کے دیسی پکوانوں کو مقبول بنانے کیلئے ایک ضلع، ایک پکوان پہل کا آغاز کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، آج شام گوہاٹی میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان تیسرا T20 میچ کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-MANN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر،''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 130 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک دور درشن نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر بھی سنا جاسکے گا۔ یہ AIR نیوز، DD نیوز، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست سنا جا سکے گا۔ آکاشوانی ہندی نشریے کے فوراً بعد علاقائی زبانوں میں اس پروگرام کو نشر کرے گا۔×

PREZ ADDRESS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقعے پر آج شام 7 بجے قوم سے خطاب کریں گی۔ اُن کا

خطاب آکاشوانی کے تمام قومی نیٹ ورک اور انگلش اور ہندی میں دوردرشن کے تمام چینلوں پر نشر کیا جائے گا۔ اس کے بعد دوردرشن کے علاقائی چینلوں کے ذریعے علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی کے علاقائی نیٹ ورکس پر رات ساڑھے نو بجے سے علاقائی زبانوں میں خطاب نشر کیا جائے گا۔×

**INDIA-EU**

یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula fon der Leyen** اور یوروپی کمیشن کے نائب صدر اور خارجی امور نیز سکیورٹی پالیسی کیلئے یوروپی یونین کی اعلیٰ نمائندے **Kaja Kallas** اپنے سرکاری دورے کے سلسلے میں نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ یہ دورہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان کلیدی شراکت داری کے اگلے مرحلے کا پتہ لگائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Akshit Vedyan**

*یوروپی کمیشن کی صدر 77 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گی۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ بھارت اور یوروپی یونین آپسی مفاد اور مشترکہ اقدار سے جڑی شراکت داری ایک دوسرے سے ساجھا کرتے ہیں۔ وزارت کے مطابق بھارت کی یوروپی یونین کے ساتھ وابستگی یوروپ سے متعلق اُس کی کلیدی توجہ کو اُجاگر کرتی ہے، جو آئندہ بھارت-یوروپی یونین سربراہ کانفرنس اور آزاد تجارتی سمجھوتے سے جڑی ہے۔ 2024 سے 9 لاکھ 31 ہزار سے زیادہ بھارتی یوروپی یونین میں آباد ہیں، نیز اِن میں 16 ہزار سے زیادہ Blue کارڈ رکھنے والے لوگ بھی ہیں۔ وزارت کے مطابق گزشتہ دو دہائیوں میں 6 ہزار سے زیادہ بھارتی طلبا نے Erasmus Mundus اسکالر شپ حاصل کیں۔ یوروپی یونین کے لیڈروں کا دورہ حکومت کے اس ارادے کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنی عالمی اور یوروپی حکمتِ عملی کے اہم ستون کے طور پر بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان تعلقات کو فروغ دینا چاہتا ہے۔*

*اکشت ویدیان کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**ECI-VOTER'S DAY**

آج ملک بھر میں رائے دہندگان کا 16 واں قومی دن منایا جائے گا۔ اس سال کا موضوع ہے ''میرا بھارت میرا ووٹ'' جس میں بھارت کی جمہوریت میں شہریوں کے اہم رول کو اُجاگر کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ۔ **V/C - Dilnasheen Aarzoo**

*یہ دن ہر سال بھارت کے چناؤ کمیشن کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے، جو یومِ جمہوریہ سے ایک*

*دن پہلے 25 جنوری 1950 کو قائم کیا گیا تھا۔ اس دن کا مقصد ووٹروں کی اہمیت کو اُجاگر کرنا، انتخابی عمل کے سلسلے میں بیداری میں اضافہ کرنا اور جمہوری عمل میں سرگرم شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ اس موقعے پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے آج نئی دلّی میں قومی تقریب میں شرکت کریں گی۔ قانون اور انصاف کے وزیر ارجن میگھوال، اعلیٰ انتخابی کمشنر اور چناؤ کمشنرز بھی اس تقریب میں موجود رہیں گے۔ اس کے علاوہ بھارت کا انتخابی کمیشن ECI قومی اور ریاستی سطح پر بہت سی سرگرمیوں کا اہتمام کر رہا ہے، تاکہ ووٹروں خصوصاً پہلی بار ووٹ کا استعمال کرنے والے رائے دہندگان میں بیداری میں اضافہ کیا جا سکے۔ اِن سرگرمیوں میں قومی Electrol ایوارڈز تقریب بھی شامل ہے، جو صدر جمہوریہ کی موجودگی میں بہتر چناؤ ڈسٹرکٹس اور مختلف پہل کو تسلیم کرے گا۔ اسی دوران تعلیمی اداروں میں دیگر سرگرمیوں کی بھی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، تاکہ نوجوانوں کو ذمہ دار ووٹر بنانے کا جذبہ پیدا کرنے کیلیئے بحث و مباحثے، مذاکرات اور مقابلے کرائے جا سکیں۔*

*Dilnashi آرزو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں ......*

**ECE-NATIONAL VOTERS DAY**

اعلیٰ انتخابی کمشنر ECE گیانیش کمار نے کہا ہے کہ شفاف ووٹر فہرستیں جمہوریت کی بنیاد ہیں۔ اسی مقصد کے تحت، ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی SIR شروع کی گئی تھی، تاکہ ہر اہل ووٹر کا نام فہرست میں شامل ہو اور ہر نااہل ووٹر کا نام ہٹایا جاسکے۔ انہوں نے یہ بات، ووٹروں کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی۔ جناب کمار نے مزید کہا کہ بہار میں حتمی ووٹر فہرست کے خلاف ایک بھی اپیل درج نہیں کی گئی، جس سے اس کی شفافیت اور ساکھ کی عکاسی ہوتی ہے۔

**0815-Gyanesh Kumar Bihar Election**

جناب کمار نے یہ بھی بتایا کہ حال ہی میں منعقد ہونے والی، جمہوریت اور چناؤ کے بندوبست سے متعلق بھارت-بین الاقوامی کانفرنس میں 70 سے زیادہ ملکوں کے انتخابی بندوبست کے اداروں کے سربراہوں اور سینئر عہدیداروں کے ساتھ ساتھ کئی ممالک کے سفیروں نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہل نہ صرف بھارت کے عالمی عہد کی عکاسی کرتی ہے، بلکہ بین الاقوامی سطح پر اس کی مضبوط قیادت کو بھی قائم کرتی ہے۔×

**AKASHWANI-AWARD**

آکاشوانی کے نیوز سروس ڈویژن کو سال 2025 میں تعلیم سے متعلق بیداری کیلیئے الیکٹرانک ریڈیو کے زمرے میں ووٹروں کی بہترین مہم چلانے پر ایک میڈیا ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ یہ ایوارڈ آج نئی دلّی میں ووٹروں کے قومی دن کی

تقریبات کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پیش کریں گی۔ یہ ایوارڈ قابل رسائی انتخابات کے سلسلے میں ووٹروں کی شمولیت اور بیداری کو فروغ دینے سے متعلق آ کاشوانی کے تعاون کی عکاسی کرتا ہے۔×

**EC-WB-SIR**

مغربی بنگال میں خصوصی تفصیلی نظر ثانی-SIR کے سلسلے میں جاری کام کاج سے متعلق انتظامی اقدامات کو مزید سخت کردیا گیا ہے۔کولکاتا کے چیف الیکٹورل افسر کے دفتر نے ریاست کے سبھی ضلع انتخابی افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سماعت کے دوران پیش کردہ SIR سے متعلق رپورٹ اور دستاویزات کو انتخابی کمیشن کے ECI Net پورٹل پر روزانہ کی بنیاد پر اَپ لوڈ کریں۔ یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ کسی بھی قسم کی سکوتاہی سے سختی سے نمٹا جائے گا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UP-ODOC**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اترپردیش میں ''ایک ضلع ایک پکوان'' ODOC پہل کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد ہر ضلعے میں روایتی کھانوں اور مشروبات کی خصوصیات کو واضح شناخت فراہم کرنا ہے۔ یہ ریاست کے اہم ''ایک ضلع ایک پروڈکٹ'' ODOP پروگرام کے مطابق ہے۔''ایک ضلع ایک پکوان'' اسکیم اترپردیش کے دن کے موقع پر لکھنؤ میں منعقد ایک تقریب کے دوران شروع کی گئی تھی۔ اس کا مقصد آگرہ کا پیٹھا، متھرا کا پیڑہ، لکھنؤ کا ملائی مکھن، کانپور کا سموسہ جیسی ریاست کے خوش ذائقہ میٹھے اور تیکھے پکوان کو GI-tag پہچان کے ساتھ عالمی نقشے پر لانا ہے۔''ایک ضلع ایک پروڈکٹ'' پہل نے اترپردیش کی کئی علاقائی مخصوص مصنوعات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر پہچان دلانے میں مدد کی ہے۔

توقع ہے کہ اس پہل سے کھانا بنانے والے چھوٹے تاجروں اور مقامی ورکروں کو فائدہ پہنچے گا، جس سے وہ اپنی خاص ڈشیں دوردراز علاقوں اور عالمی بازار میں پہنچا سکیں گے۔ ODOC پروگرام، کوالٹی کو بہتر بنانے اور صفائی ستھرائی پر بھی توجہ دے سکے گا۔ ODOC کے تحت اترپردیش کے ہر ضلعے کی ایک مخصوص تاریخی اور روایتی پکوان کے طور پر شناخت ہو سکے گی۔

**AMIT SHAH-NANDED**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج ناندیڑ میں شری گرو تیغ بہادر صاحب جی کے 350 ویں شہیدی دِوس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اس دو روزہ تاریخی پروگرام کا عنوان ''ہند دی چادر'' ہے، جو کل شروع ہوا تھا۔ یہ پروگرام ناندیڑ کے مودی

میدان میں ہو رہا ہے۔ یہ بڑی تقریب شری گرو تیغ بہادر صاحب جی کے 350 ویں شہیدی سماگم کے حصے کے طور پر منعقد کی جا رہی ہے۔×

**PM-PARGATI SPECIAL STORY**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔ پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور یہ جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کی تلقین کو فروغ دیتا ہے۔ آج اس خصوصی سیریز میں ہم ہماچل پردیش میں واقع قومی شاہراہ 22 کے Parwanoo-Solan سیکشن پر ایک نظر ڈال رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Akshit**

*ہماچل پردیش میں 39 کلومیٹر کی لمبائی والے NH-22 کے سیکشن کو چار لین والا بنانے کے پروجیکٹ کا نفاذ قومی شاہراہ ڈولپمنٹ پروگرام مرحلہ-III کے تحت بھارت کی قومی شاہراہ اتھارٹی NHAI کی جانب سے کیا گیا تھا۔ اس کی مالیت ایک ہزار 635 کروڑ روپے تھی۔ یہ شاہراہ سولن ضلع میں بڑی بستیوں سمیت 33 محصولاتی گاؤں سے ہوکر گزرتی ہے۔ ساتھ ہی، یہ راستہ گنجان آبادی والے علاقوں اور ماحولیاتی طور سے حساس پہاڑی خطوں سے ہوکر بھی گزرتا ہے۔ مذکورہ پروجیکٹ کو زمین کے حصول، جنگل کی زمین کے استعمال کی منظوری، زمین کی حدبندی اور لوگوں کو معاوضہ دینے سمیت نفاذ سے متعلق متعدد چیلنجوں کا سامنا تھا، جس کی وجہ سے اس کی تعمیر میں رخنہ پڑ رہا تھا۔ پرگتی نے حکمرانی کے ڈیجیٹل ایکو نظام کے تحت پروجیکٹ نگرانی گروپ کے اعلیٰ سطحی جائزے اور نگرانی کو ممکن بنایا، جس سے چار لین والے Parwanoo-Solan پروجیکٹ میں رکاوٹ پیدا کرنے والے بین محکمہ اور بین حکومتی مسائل کا فیصلہ کُن تدارک ہوسکا۔ اس مداخلت کی بدولت مرکزی حکومت، ریاستی حکومت اور ضلع انتظامیہ نیز مختلف محکموں نے قریبی تعاون کے ساتھ مؤثر کام کیا اور پالیسی کا زمینی سطح پر بروقت نفاذ ہوپایا۔ پروجیکٹ میں صدفیصد پیش رفت ہوئی اور یہ 20 دسمبر 2023 کو مکمل ہوا۔*

*دلّی سے Akshit Vedyan کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**RUSSIA-UKRAIN TALKS**

یوکرین نے اس بات کا عندیہ دیا ہے کہ اگلے ہفتے کے شروع میں روس کے ساتھ مزید مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ یہ مذاکرات بقول اُس کے ابوظبی میں تعمیری سہ فریقی بات چیت کے مکمل ہونے کے بعد ممکن ہیں۔ کل متحدہ عرب امارات کی راجدھانی میں مذاکرات ختم ہوئے، جس میں فروری 2022 میں یوکرین جنگ کے آغاز کے بعد سے اس طرح کے پہلے فارمیٹ میں امریکہ، روس اور یوکرین کے نمائندوں نے شرکت کی۔ یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے بتایا کہ دو روزہ مذاکرات میں تینوں فریقوں کے فوجی نمائندے بھی شریک ہوئے اور انہوں نے جنگ کے خاتمے کیلئے ممکنہ امکانات پر توجہ مرکوز کی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ۔ **V/C - Vinod Kumar**

*بات چیت جنگ کے خاتمے کے ممکنہ پیرا میٹرز پر مرکوز تھی۔ یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ وہ جنگ کے خاتمے اور حقیقی سلامتی کو یقینی بنانے کے عمل کی امریکی نگرانی کی ضرورت کو سمجھنے کی قدر کرتے ہیں۔ امریکی فریق نے باضابطہ طور پر تنازع کے خاتمے کی شرائط کے ساتھ ساتھ اسے قابل عمل بنانے کیلیے درکار حفاظتی شرائط طے کرنے کیلیے ممکنہ مسئلہ کو اٹھایا۔ فوجی نمائندوں نے مذاکرات کے ممکنہ اگلے دور میں اٹھائے جانے والے مسائل کی بھی نشاندہی کی۔ زیلنسکی نے کہا کہ اگر آگے بڑھنے کی تیاری ہے اور یوکرین تیار ہے تو مزید میٹنگیں جلد از جلد اگلے ہفتے تک ہوسکتی ہیں۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......*

**CRICKET-T-20**

کرکٹ میں، آج گوہاٹی میں **Barsapara** کے **ACA** اسٹیڈیم میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان تیسرا **T20** میچ کھیلا جائے گا، جو شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ بھارت کو 5 میچوں کی سیریز میں دو صفر کی سبقت حاصل ہے اور اگر بھارت آج کا میچ جیت لیتا ہے تو وہ سیریز اپنے نام کر لے گا۔×

**ICC T-20 WC BANGLADESH**

بین الاقوامی کرکٹ کونسل **ICC** نے **T20** عالمی کپ کے گروپ-سی میں بنگلہ دیش کی جگہ اسکاٹ لینڈ کو شامل کرنے کا باضابطہ طور پر اعلان کیا ہے۔ 7 فروری سے شروع ہونے والے اس عالمی کپ کی مشترکہ میزبانی بھارت اور سری لنکا کریں گے۔ **ICC** کے چیف ایگزیکٹو **Sanjog** گپتا نے بتایا کہ بنگلہ دیش کی یہ مانگ کہ اُن کے میچ بھارت سے سری لنکا منتقل کر

دیے جائیں، ICC کی پالیسی کے مطابق نہیں ہیں۔ ICC نے اپنے مکتوب میں کہا ہے کہ اُن کے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا کہ بنگلہ دیش کی جگہ اسکاٹ لینڈ کو شامل کیا جائے۔ اس خط کی ایک نقل BCB کے صدر امین الاسلام کو بھیج دی گئی ہے، جو ICC بورڈ کے ممبر ہیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے آج پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ اور دلّی میں شدید سے بہت شدید کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کے ساتھ اورینج الرٹ کی وارننگ جاری کی ہے۔ IMD نے ہماچل پردیش، مغربی اترپردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں کل تک شدید کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے کہا کہ ہماچل پردیش، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ، دلّی اور راجستھان میں کل تک شدید سرد موسم رہنے کا امکان ہے۔ IMD کے مطابق تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں آج گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... آسیہ میمونہ

شکریہ - نتیکا تیاگی

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے یوم جمہوریہ کے موقع پر آج شام قوم سے صدر جمہوریہ کے خطاب کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی وزیراعظم کے اس بیان پر مبنی ہے کہ 'اترپردیش ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت کی سمت گامزن ہے'۔ روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: وزیراعظم نے 150 کروڑ کی آبادی والے بھارت میں 61 ہزار نوجوانوں کو روزگار میلے میں ورچوئل وسیلے سے تقرری نامے سونپے۔ روزنامہ پرتاپ کی ایک اور اہم خبر ہے کہ یوم جمہوریہ کے موقع پر دلّی میں سکیورٹی کے سخت انتظامات، ٹریفک پابندیاں بھی عائد رہیں گی۔

اور عالمی خبروں کے صفحہ پر چند اہم خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکی جنگی بیڑے کے باعث خطرہ برقرار، ایران میں ہائی الرٹ۔

☆ غزہ میں بے گھر افراد کی رہائش کا بحران سب سے بڑا چیلنج- اقوام متحدہ۔

☆ ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں اسپین شامل نہیں ہوگا۔

☆ امریکہ میں درجہ حرارت جان لیوا حد تک گرنے کا اندیشہ، برفباری سے بڑے پیمانے پر تباہی کا خدشہ۔

☆ طیارہ حادثے میں لیبیا کے آرمی چیف جاں بحق۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی کے 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقعے پر آج شام قوم سے خطاب کریں گی۔

3- یوروپی کمیشن کی صدر Ursula fon der Leyen بھارت کے سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ وہ کل یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔

4- الیکشن کمیشن آج ووٹرس کا سولہواں قومی دن منائے گا۔

5- اترپردیش سرکار نے ہر ضلعے کے دیسی پکوانوں کو مقبول بنانے کیلئے ایک ضلع، ایک پکوان پہل کا آغاز کیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، آج شام گوہاٹی میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان تیسرا T20 میچ کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---